## سوال

(191)گاڑی میں سوار مسافر کا قبرستان پر نظر پڑتے ہی ہاتھ اٹھا کر دعا کرنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بعض لوگوں کو دیکھا ہے کہ جب وہ ریل گاڑی یا کار وغیرہ پر سفر کررہے ہوتے ہیں توجب ان کی نظر قبرستان پر پڑتی ہے تو فوراً ہاتھ اٹھا کر دعا مانگنا شروع کردیتے ہیں۔ کیا اس طرح مرحومین کےلیے دعا کی جا سکتی ہے؟ (سائل محمد یحییٰ عزیز کوٹ رادھا کشن) (۱۴ اگست ۱۹۹۸ء)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

میت کےلیے دعا کرنا توہر وقت جائز ہے چاہے ہاتھ اٹھا کر ہو یا اس کے بغیر لیکن قبرستان کو دیکھ کر بالخصوص دعا کرنا سنت سے ثابت نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

## جلد:3،کتاب الجنائز:صفحہ:212

## محدث فتویٰ